14-09-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ گورنر شیو پرتاپ شکلا اوران کی اہلیہ نے خیرت آباد مہا گنپتی کی مورتی کی پوجا کی۔ گورنر نے خواہش ظاہر کی کہ گنپتی کی آشیرواد سے تمام عوام خوشحال رہیں۔

۲۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست کے عوام کو ونائیک چوتھی کی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے گنیش اتسو کے دوران ٹریفک کے مسائل پیدا نہ ہوں، اس کے لئے عہدیداروں کو ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت دی۔

۳۔ نائب صدرِ جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن 17 ستمبر کو حیدرآباد کا دورہ کریں گے۔ اس پس منظر میں سی آر پی ایف کے ڈپٹی کمانڈنٹ وکاس موہن سنگھ اور خیریت آباد زون کی ڈی سی پی شلپاولی نے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور عہدیداروں کو متعدد ہدایات دیں۔

اور

۴۔ حیدرآباد میں بارش کی وارننگ برقرار رہنے کے پیش نظر ضلع کے انچارج وزیر پونم پربھاکر نے انتظامیہ کو چوکس رہنے اور ضروری احتیاطی اقدامات کرنے کی ہدایت دی۔

Kishan ReddyChief Minister Revanth Reddy

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست کے عوام کو گنیش چتورتھی کی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وگنیشور کی آشیرواد سے ہر شخص کی زندگی کی تمام رکاوٹیں دور ہوں اور خوشی، صحت، خوشحالی اور کامیابیاں حاصل ہوں۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے جوبلی ہلز میں واقع اپنی رہائش گاہ پر قائم گنیش کی مورتی کے پاس اہل خانہ کے ساتھ خصوصی

پوجا کی۔ گنیش اتسو کے دوران عقیدت مندوں کو کسی قسم کی مشکلات پیش نہ آئیں، اس کیلئے انہوں نے عہدیداروں کو ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے حیدرآباد کے ساتھ ساتھ تمام ضلعی مراکز میں ٹریفک کے مسائل پیدا نہ ہوں، اس کے لئے موثر انتظامات کرنے اور عقیدت مندوں کی زیادہ بھیڑ والے گنیش منڈپوں کے پاس مناسب حفاظتی انتظامات کرنے کی ہدایت دی۔ ریونت ریڈی نے واضح کیا کہ گنیش منڈپوں کو مفت بجلی فراہم کی جارہی ہے۔

HYD-PTC

Khairatabad Ganesh

حیدرآباد کے خیرت آباد میں 69 فٹ بلند گنیش مورتی پر گورنر شیو پرتاپ شکلا اوران کی اہلیہ نے پوجا کی۔ اس موقع پر گورنر نے کہا کہ اگرچہ گنیش اتسو کی ابتدا مہاراشٹرا میں ہوئی لیکن خیرت آباد گنیش کی مورتی کو ملک بھر میں ایک خاص شناخت حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 72 برسوں سے یہاں گنیش کی مورتی نصب کرکے اتسو منانا ایک قابل ذکر روایت ہے۔ گورنر نے خواہش ظاہر کی کہ گنپتی کی آشیرواد سے تمام عوام خوشحال رہیں۔ انہوں نے کہا کہ وگنیشو رلوگوں کی زندگی کی تمام رکاوٹیں دور کریں اور ریاست کے ساتھ پورے ملک میں امن، خوشحالی عطا فرمائیں۔ اس پروگرام میں وزیر پونم پربھاکر اور مقامی رکن اسمبلی دانم ناگیندر نے شرکت کی۔ خیرت آباد کے بڑے گنیش کے درشن کے لئے عقیدت مندوں کی بڑی تعداد پہنچنے کے پیش نظر پولیس نے سخت حفاظتی انتظامات کئے ہیں۔

Desk

Jangaon

گنیش چتورتھی کے موقع پر جنگاؤں ضلع کلکٹر سندیپ کمار جھانے انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک غریب خاندان کو'اندراماں گھر' منظور کر کے سہارا دیا۔ جنگاؤں میونسپلٹی کے حدود میں واقع ویورس کالونی کی رہنے والی ایم پدمانے اندراماں اسکیم کے تحت درخواست دی تھی تاہم تکنیکی وجوہات کی بناان کا گھر منظور نہیں ہوسکا۔ اس صورتحال سے لاعلم مستحق خاتون نے گھر منظور ہونے کی امید میں قرض لے کر اپنی ذاتی زمین پر مکان کی بنیاد تعمیر کر لی۔ بعدازاں ایم پدمانے کلکٹر سے ملاقات کر کے اپنی پریشانی سے آگاہ کیا۔ کلکٹر نے معاملہ کا جائزہ لینے کے بعد اندراماں گھر کی تعمیر کے لئے 5 لاکھ روپے کی مالی امداد منظور کرنے کے احکامات جاری کئے۔ جنگاؤں میونسپل کمشنر راج شیکھر ریڈی نے آج پدما کے گھر پہنچ کر انہیں منظوری کے کاغذات حوالے کئے۔

PTC-Jangaon District

Sircilla Rainfall

راجنا سرسلہ ضلع میں رات سے کئی علاقوں میں موسلادھار بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ سب سے زیادہ 32.1 ملی میٹر بارش ایلنتا کنٹہ میں ریکارڈ کی گئی۔ بوئن پلی میں 18.3، ویملواڑہ میں 13.6، ایلا ریڈی پیٹ میں 13.1 اور ویملواڑہ رورل میں 12.6 ملی میٹر بارش ریکارڈ ہوئی۔

PTC-Rajanna Sircilla District

Chief Minister's Visit

کانگریس پارٹی کے سرسلہ حلقہ انچارج کے کے مہندر ریڈی نے بتایا کہ رواں ماہ کے اواخر میں سرسلہ میں وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی ایک عوامی جلسہ سے خطاب کریں گے۔انہوں نے کہا کہ بی سی طبقہ کی مردم شماری اورایس سی زمرہ بندی کرنے کا اعزاز صرف کانگریس پارٹی کو حاصل ہے۔ کے کے مہندر ریڈی نے الزام عائد کیا کہ حال ہی میں اسمبلی کے گیٹ کے سامنے بی آر ایس ارکان اسمبلی کی جانب سے کیا گیا ہائی ڈرامہ کے سی آر کے فارم ہاؤس سے ملنے والی ہدایات کے مطابق تھا۔

PTC-Rajanna Sircilla District

Ponnam Prabhakar

حیدرآباد میں رات بھر ہوئی موسلا دھار بارش اور بارش کا الرٹ جاری رہنے کے پیش نظر ضلع کے انچارج وزیر پونم پربھاکر نے ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ صورتحال کا جائزہ لیا۔انہوں نے جی ایچ ایم سی، ہائیڈرا، واٹر ورکس، پولیس، محکمہ برقی اور محکمہ ریونیو کے عہدیداروں کو متعدد ہدایات جاری کیں۔وزیر نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ کہیں بھی پانی جمع نہ ہونے پائے اورعوام کوکسی قسم کی مشکلات پیش نہ آئیں،اس کے لئے پیشگی احتیاطی اقدامات کئے جائیں۔متعلقہ محکموں کے عہدیدار باہمی تال میل کے ساتھ کام کرتے ہوئے صورتحال پر مسلسل نظر رکھیں۔محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری کردہ وارننگ کے پیش نظر وزیر پونم پربھاکر نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ حمایت ساگر،عثمان ساگر کے نشیبی علاقوں کے علاوہ موسیٰ ندی کے اطراف کے علاقوں میں رہنے والے عوام کو چوکس کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ اگر دونوں آبی ذخائر لبریز

ہونے کی صورتحال پیدا ہوتی ہے تو گیٹ کھول کر موسیٰ ندی میں پانی چھوڑنے کا امکان ہے، اس لئے پیشگی احتیاطی اقدامات کئے جائیں۔ پونم پر بھاکر نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ ضرورت پڑنے پر نشیبی علاقوں میں رہنے والے عوام کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کے لئے تمام انتظامات مکمل رکھے جائیں۔انہوں نے گنیش منڈپوں اور گنیش مورتیوں کے وسرجن کے مقامات پر بھی خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کی۔

Desk

Mahabubabad – Vinayaka Chavithi

محبوب آباد ضلع بھر میں عوام نے عقیدت واحترام کے ساتھ گنیش چتورتھی کا تہوار جوش وخروش سے منایا۔ضلع ہیڈکوارٹر کے علاوہ منڈلوں اور دیہاتوں میں مختلف شکلوں کی گنیش کی مورتیاں نصب کر کے خصوصی پوجا کی گئی۔صبح سے ہی عقیدت مندوں نے گنیش بھگوان کی پوجا کی اور مختلف نذرو نیاز پیش کئے۔کئی مقامات پر خصوصی منڈپ قائم کر کے ثقافتی پروگرام بھی منعقد کئے گئے۔

PTC - Mahabubabad

Sangareddy

گنیش چتورتھی کے موقع پر سنگاریڈی ضلع کے مشہور اور قدیم رتجنتل سِدھی ونائک اور رودرارم گنیش گڈا مندروں کو خوبصورتی سے سجایا گیا ہے اور خصوصی پوجا کی جارہی ہے۔بڑی تعداد میں سوامی کے درشن کیلئے عقیدت مند قطاروں میں انتظار کررہے ہیں۔ضلع بھر میں بڑی تعداد میں گنیش منڈپ قائم کر کے گنیش کی مورتیاں نصب کی گئی ہیں اور خصوصی پوجا کا اہتمام کیا جارہا ہے۔

PTC-Sangareddy

Indiramma Towers

حیدرآباد شہر میں تعمیر کئے جانے والے اندراماں ٹاور کے ایل آئی جی مکانات کے لکی ڈرا میں منتخب اہل مستحقین کو اسی ہفتہ سرکاری الاٹمنٹ لیٹر جاری کئے جائیں گے۔ تلنگانہ ہاؤسنگ بورڈ کے کمشنر وی پی گوتم نے یہ بات بتائی۔ انہوں نے کہا کہ اب تک 6 ہزار 660 امیدواروں کی فیلڈ لیول جانچ مکمل ہوچکی ہے اور باقی اہل امیدواروں کی جانچ بھی اسی ہفتہ مکمل کرلی جائے گی۔ کمشنر نے کہا کہ مکانات کی الاٹمنٹ کا عمل انتہائی شفاف طریقہ سے جاری ہے۔ انہوں نے مستحقین کو خبردار کیا کہ بروکروں اور درمیانی افراد پر بھروسہ کر کے رقم ادا نہ کریں، ورنہ وہ دھوکہ دہی کا شکار ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے مستحقین کو ہدایت دی کہ پہلی قسط کی رقم صرف الاٹمنٹ لیٹر میں درج سرکاری بینک اکاؤنٹ میں ہی جمع کریں۔

Desk

Kishan Reddy

مرکزی حکومت کی جانب سے 17 ستمبر کو سکندرآباد کے پریڈ گراؤنڈس میں سرکاری طور پر منعقد کئے جانے والے تلنگانہ یومِ نجات کی تقریبات میں ہندوستان کے نائب صدرِ جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔ نائب صدر کے دورِ حیدرآباد کے پیش نظر سکیورٹی انتظامات کا سی آر پی ایف کے ڈپٹی کمانڈنٹ وکاس موہن سنگھ، اسسٹنٹ کمانڈنٹ جتیندر اور خیریت آباد زون کی ڈی سی پی شلپا ولی نے جائزہ لیا۔ انہوں نے تلنگانہ یومِ نجات کی تقریبات اور نائب صدر کے دورہ کے پیش نظر کئے جانے والے سکیورٹی انتظامات اور دیگر اقدامات کے سلسلہ میں مختلف محکموں کے عہدیداروں کو ضروری ہدایات دیں۔ یومِ نجات

کے موقع پر پریڈ گراؤنڈز میں نائب صدر سی پی رادھا کرشنن خطاب کریں گے۔ان تقریبات میں گورنر شیو پرتاپ شکلا، مرکزی وزیر برائے ثقافت وسیاحت گجیندر سنگھ شیخاوت، مرکزی وزیر برائے کوئلہ و کان کنی کشن ریڈی، مرکزی مملکتی وزیرِ داخلہ بنڈی سنجے اور بی جے پی تلنگانہ کے ریاستی صدر رام چندر راؤ شرکت کریں گے۔

MSM

○○